فوری ریلیز کے لیے: 21/9/2022 | گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے کلین ہینز میوزک ہال میں 21$ ملین کے تزئین و آرائش کے پروجیکٹ کے آغاز کا اعلان کیا***

***پروجیکٹ عالمی شہرت یافتہ ثقافتی ادارے کو اپ گریڈ اور اس کی تزئین نو کرے گا***

***پروجیکٹ کی تصاویر*** یہاں دستیاب ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ بفلو میں واقع عالمی درجے کے فنون اور ثقافت کے حامل کلین ہینز میوزک ہال کی 21$ ملین کے تزئین و آرائش کے پروجیکٹ پر تعمیر جاری ہے۔ یہ پروجیکٹ قومی تاریخی نشان کی اپ گریڈ اور تزئین نو کرے گا اور مزید بگاڑ سے بچائے گا۔ گورنر Hochul نے حال ہی میں اس منصوبے کے لیے FY 2023 کے بجٹ کی فنڈنگ میں 8$ ملین، علاوہ ازیں امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی جانب سے 1$ ملین تک کی گرانٹس کا اعلان کیا۔

"فنون ریاست نیویارک کی معاشی ترقی اور کمیونٹی کی بہتر حالت کے لیے انتہائی اہم ہیں، اور کلین ہینز مغربی نیویارک میں ایک اہم ثقافتی قوت ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "کئی دہائیوں سے، کلین ہینز میوزک ہال، کہ جہاں میں نے اور میری فیملی نے آڈیئنس میں لاتعداد شامیں گزاری ہیں، نے دنیا کے بہترین کنسرٹ ہالز میں سے ایک ہونے کی وجہ سے شائقین کو اپنی طرف متوجہ کیا ہے۔ یہ پروجیکٹ ہمیں آنے والے عشروں تک کلین ہینز کو شائقین کے لیے اعلیٰ معیار کی تفریح اور ثقافت کا تجربہ کرنے کی ایک جدید خوش آئند جگہ بنانے کا موقع دیتا ہے۔"

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "کلین ہینز میوزک ہال کی تزئین و آرائش اس تاریخی مقام کے سامعین اور شائقین کی حفاظت اور لطف اندوزی کے لیے اہم ہے، جو ثقافتی پہچان اور مغربی نیویارک کی معاشی طاقت کا ایک اہم حصہ ہے۔ گورنر Hochul کا شکریہ، یہ بنیادی ڈھانچے کی اپ گریڈز اس بات کو یقینی بناتی ہیں کہ کلین ہینز آنے والی نسلوں کے لیے تیار ہے۔"

سمفنی سرکل میں واقع، کلین ہینز میوزک ہال 82 سالوں سے مغربی نیویارک کو خدمات مہیا کر رہا ہے اور خطے کے لیے معاشی انجن ہے۔ یہ بفلو شہر کی ملکیت ہے اور اس کا انتظام کلین ہینز میوزک ہال مینجمنٹ انکارپوریشن کے ذریعے کیا جاتا ہے، جو کہ ایک غیر منافع بخش ادارہ ہے۔ مشہور ہال 1939 میں تعمیر کیا گیا تھا، جسے Eliel اور Eero Sarrinen نے ڈیزائن کیا تھا، اور یہ بفلو فلہارمونک آرکسٹرا، بفلو لٹریری سینٹر کی صرف ببیل سیریز، اور بفلو چیمبر اور میوزک سوسائٹی کے لیے ہوم پرفارمنس اور ریہرسل کی جگہ ہے؛ اور بہت سے اسکول، کمیونٹی اور خاندانی تقریبات کے لیے کرائے پر دیا جاتا ہے۔ بفلو فلہارمونک آرکسٹرا، بفلو پبلک اسکول کے گریڈز 1 تا 5 کے طلباء کے لیے کلین ہینز میں پرفارمنس کی میزبانی کر رہا ہے، جس میں ہر سال 24,000 بچے شامل ہوتے ہیں۔ مغربی نیویارک سے اضافی 16,000 طلباء سالانہ پرفارمنسز کے لیے بھی کلین ہینز کا دورہ کرتے ہیں۔ ہر سال، کلین ہینز تقریباً 200 تقریبات کی میزبانی کرتا ہے جن میں تقریباً 200,000 لوگ شرکت کرتے ہیں۔

**Daniel Hart، کلین ہینز کے ڈائریکٹر نے کہا،** "شہری شراکت داری میں اس شاندار عمارت کے ذمہ دار کے طور پر، ہمیں خوشی ہے کہ گورنر Hochul نے اس اہم پروجیکٹ کے لیے یہ ناقابل یقین عہد کیا ہے۔ بفلو کے شہر اور

ایری کاؤنٹی سمیت ہمارے دیگر شراکت داروں کے ساتھ اس تعاون نے، اس کوشش کو یکایک خواب سے حقیقت میں بدل دیا ہے۔ ہمارے کلین ہینز بورڈ آف ڈائریکٹرز کے لیے بات کرتے ہوئے، ہمیں یقین ہے کہ سب سے اہم چیز جو ہم کر سکتے ہیں وہ ہے عمارت کو محفوظ بنانا اور اس میں اضافہ کرنا تاکہ آنے والی نسلیں اس سے لطف اندوز ہوتی رہیں۔ یہ دن اس مقصد کے لیے حقیقی سنگ میل کی نمائندگی کرتا ہے۔"

کئی دہائیوں کے استعمال کے بعد، کلین ہینز عمارت کے تقریباً ہر کونے، بشمول اس کے بیرونی، اندرونی حصے، پلمبنگ، چھت، بیسمنٹ، بجلی، دروازے، عوامی تحفظ اور HVAC، کو مرمت یا معاونت کی ضرورت ہے۔ پروجیکٹ کا یہ مرحلہ درج ذیل کو پورا کرے گا:

- مکمل طور پر نئی چھت کی تعمیر (موجودہ 40 سال پرانی ہے)۔
- نئے مرکزی اسٹیم بوائلر/ویکیوم کنڈینسیٹ ریٹرن سسٹم کو موثر ماڈیولر اسٹیم بوائلرز پر اپ گریڈ کیا گیا ہے۔ میک اپ واٹر سسٹم خریدا اور نصب کیا جائے گا۔
- گرمائش، ہواداری اور ایئر کنڈیشنگ کے نظام اپ گریڈ کیے جائیں گے۔ اہم آلات کے حصوں اور کنٹرول سسٹمز کی تبدیلی درکار ہو گی: نئے ایگزاسٹ فینز اور ڈکٹس؛ مکمل سٹیم ٹریپس؛ فرنٹ اینڈ BMS کنٹرولرز؛ مرکزی آڈیٹوریم HVAC؛ لیونگسٹن ہال اور بیسمنٹ ایئر ہینڈلنگ یونٹ۔
- زندگی کی حفاظت/مؤثر توانائی۔ آگ کے نظاموں اور دھوئیں کے سراغ رسانوں کو اپ ڈیٹ کریں؛ اسٹیج کی چھت کو گرنے سے بچانے کے لیے حفاظت اقدام کی تنصیب؛ دروازے تک رسائی اور حفاظتی نظام کو پوری سہولت گاہ میں تبدیل کر دیا جائے گا؛ بیرونی روشنی کو اپ گریڈ کیا جائے گا (پارکنگ لاٹ، شمالی اور جنوبی کینوپیز)، اندرونی روشنی کو مؤثر توانائی کے لیے تمام حصوں میں اپ گریڈ کیا جائے گا۔
- عمومی عمارتی نظام۔ عکاسی کرنے والے پول کے لیے نیا لائنر نصب کیا جائے گا۔ کھڑکیاں تبدیل کی جائیں گی۔ پینٹنگ اور پلاسٹرنگ پورے پروجیکٹ کے ٹائم لائن کے دوران طے کی جائے گی۔

یہ پروجیکٹ بفلو کے مرکزی کاروباری ضلع سے ایک سے دو میل کے اندر ایک پریمیئر، بین الاقوامی تاریخی پرفارمنس کی جگہ پیش کرتے ہوئے، اندرونِ شہر میں احیائے نو کو بڑھاتا ہے۔ یہ ایک اسٹریٹجک کمیونٹی سرمایہ کاری ہے، کیونکہ متصل گرد و نواح نے گزشتہ دہائی میں فوری طور پر معاشی سرمایہ کاری اور ترقی دیکھی ہے۔ یہ پروجیکٹ ماحولیاتی طور پر بھی ذمہ دار ہے؛ سسٹمز اپ گریڈ کے ذریعے پانی، بجلی اور گیس کا انتظام ڈالرز اور قدرتی وسائل کی بچت میں زیادہ افادیت فراہم کرے گا۔

تزئین نو کے پروجیکٹ کے لیے اضافی معاونت بفلو شہر، ایری کاؤنٹی، رکنِ اسمبلی Jon Rivera، اور نجی سیکٹر کے وعدوں کے ذریعے فراہم کی جا رہی ہے۔

**ریاستی سینیٹر Tim Kennedy نے کہا،** "آٹھ دہائیوں سے زیادہ عرصے سے، کلین ہینز نے شہر بفلو میں ایک مشہور ادارے کے طور پر خدمات انجام دی ہیں، جس نے آرٹ، موسیقی اور کمیونٹی سے وابستگی کو فروغ دیا ہے۔ یہ سرمایہ کاری میوزک ہال کی کارکردگی، حفاظت اور رسائی کو ترجیح دے گی، اور اس بات کو یقینی بنائے گی کہ آنے والی نسلوں تک یہ ہمارے شہر کا ایک لازمی حصہ بنا رہے۔"

**رکنِ اسمبلی Jon D. Rivera نے کہا، "**میرے ضلع میں تاریخی ورثے کے طور پر، غیر معمولی کنسرٹ ہال کے طور پر عالمی شہرت یافتہ کلین ہینز ہماری کمیونٹی کا ایک اہم اثاثہ ہے۔ 1940 میں افتتاح کیے گئے، اس عمارت کے بنیادی ڈھانچے کو اب توجہ اور مکینیکل مرمت کی ضرورت ہے۔ مجھے اس بات پر فخر ہے کہ میرا دفتر اس پروجیکٹ کی مدد کے لیے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے گرانٹ فنڈنگ حاصل کرنے میں کامیاب رہا کہ بفلو کی موسیقی کی دلدادہ آئندہ نسلیں کلین ہینز کی جانب سے مستقل فراہم کی جانے والی عالمی معیار کی جگہ اور پرفارمنسز سے لطف اندوز ہو سکیں۔"

**ایری کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Mark Poloncarz نے کہا،** "کلین ہینز میوزک ہال میں ان اپ گریڈز اور بہتریوں سے ہماری کمیونٹی کا معیار زندگی بہتر ہو گا۔ یہ تزئین و آرائش کا پروجیکٹ ایری کاؤنٹی میں فنون کی مجموعی کمیونٹی

کو مضبوط کرے گا اور ہماری مقامی معیشت کے مسلسل احیائے نو میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔ اس تاریخی ڈھانچے کو محفوظ بنانا اور اس میں اضافہ کرنا ایک دانشمندانہ سرمایہ کاری ہے جسے آنے والے کئی سالوں تک ہمارے خطے کے رہاشی اور مغربی نیویارک کے شائقین سیاح سراہیں گے۔"

**میئر Byron W. Brown نے کہا،** "گزشتہ 82 سالوں سے، کلین ہینز میوزک ہال، بفلو کے عالمی معیار کے ثقافتی اور تعمیراتی پورٹ فولیو میں ایک جوہر رہا ہے، لیکن یہ اب خستہ حالی کا شکار ہے اور اب اہم اپ ڈیٹس کا وقت ہے۔ میں ریاست نیویارک کے 21$ ملین کے تزئین و آرائش کے پروجیکٹ میں فراخدلی سے تعاون کرنے پر، گورنر Hochul اور امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کارپوریشن کا مشکور ہوں، کہ جو اب جاری ہے۔ 2016 سے، میری انتظامیہ نے اس شہری ملکیتی ورثے کو برقرار کے لیے 2,6$ ملین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی ہے، اور ہمیں اس پروجیکٹ کے لیے 2,2$ ملین کا تعاون کرنے پر فخر ہے جو آنے والی نسلوں کے لطف اندوز ہونے کی خاطر اس شاندار سہولت گاہ کی حفاظت کرے گا۔"

کلین ہینز کے بارے میں مزید معلومات یہاں دیکھی جا سکتی ہیں https://kleinhansbuffalo.org/.

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418